# Profile of the Board of Directors

**Syed Babar Ali**

Syed Babar Ali is the Chairman of the Board of Directors of sanofi-aventis Pakistan limited. He has been a member of the Board of Directors prior to the listing of the Company in 1977.

Mr. Babar, a philanthropist, entrepreneur, industrialist and former Finance Minister of Pakistan, envisioned and set up Packages Limited (Pakistan's largest paper & board mill), Milkpak Limited–now Nestlé Pakistan Limited, Tetra Pak Pakistan Limited, IGI Insurance Company Limited, Tri-Pack Films Limited, and IGI Investment Bank. He is also the Chairman of Coca-Cola Beverages Pakistan Limited, IGI Holdings Limited, Tetra Pak Pakistan Limited and Tri-Pack Films Limited. He is also serving on the Board of Directors of various national and multinational companies in Pakistan. As an educationist, Syed Babar Ali led the establishment of the Lahore University of Management Sciences (LUMS) in 1985 of which he is the first Pro-Chancellor

Mr. Babar received honors and awards from the Government of Sweden, the Netherlands, an OBE from Britain (1997), and was awarded an Honorary Doctorate Degree of Laws from McGill University, Montreal, Canada (1997).

**Syed Hyder Ali**

Syed Hyder Ali is a Non-Executive Director on the Board of sanofi-aventis Pakistan limited since 1987.

Mr. Hyder is the Chief Executive and Managing Director of Packages Limited and serves on the Board of a number of companies like Bulleh Shah Packaging (Private) Limited, IGI General Insurance Limited, IGI Holdings Limited, IGI Life Insurance Company Limited, IGI Investments (Pvt.) Limited, Nestlé Pakistan Limited, Packages Lanka (Pvt) Limited, Flexible Packages Convertors (Pty) Limited, Tri-Pack Films Limited, and Babar Ali Foundation

Mr. Hyder graduated from University of Michigan, USA with a Bachelor of Science degree in Chemical Engineering in 1979. He completed his Master of Science in June 1981, specializing in paper chemistry. In 1997, Mr. Ali also attended the program for Management Development at the Harvard Business School, Boston, USA.

**Mr. Arshad Ali Gohar**

Mr. Arshad Ali Gohar is a Non-Executive Director on the Board of Sanofi-Aventis Pakistan Limited since February, 2011.

Mr. Arshad has more than 25 years of experience and is the Managing Director of Ali Gohar & Company (Pvt) Ltd, AGT Holding (Pvt) Ltd and AGC (Pvt) Ltd.

Mr. Arshad graduated from Kalamazoo College USA, majoring in Economics. He also has Masters in International Management from Thunder Bird School of Global management, USA.

**Dr. Asim Jamal**

A medical graduate from Dow Medical College, University of Karachi, Dr. Asim Jamal holds an MBA from Manchester University, UK. He completed an Executive Development Program at the University of Chicago and has an MBA from the Institute of Business Administration (IBA) in Karachi.

He has a cumulative experience of over 26 years in various functions within the healthcare sector. He began his career in 1991 as a General Practitioner & House Officer (Medicine & Surgery) in Pakistan. Subsequently in 1993 he joined Novartis Pakistan as Product Manager and moved to Eli Lilly in 1997 as Sales Training Manager. He rose up through the company over the next 6 years, taking on numerous developmental roles across Sales, Medical and Marketing, and regional assignments in Singapore and Hong Kong giving him exposure to various therapeutic areas and New Product Planning before he returned to Eli Lilly Pakistan as Director Marketing.

In 2003, Dr. Jamal joined Sanofi Pakistan as Business Unit Head, subsequently taking up the position of Marketing Director. Between 2008 and 2010, he spent 2 years in the Vietnam affiliate of Sanofi as Marketing Director, returning to the Pakistan affiliate as Business Development & Excellence Director. Prior to his appointment as the Country Chair & MD of Sanofi Pakistan in June 2015, Dr. Jamal was the Managing Director of Sanofi Bangladesh.

Dr. Asim is Member Board of Governors LUMS, Member Dow University of Health Sciences (DUHS) Board of Studies of Institute of Health Management, Director PFBA (Pakistan France Business Alliance). He also has the distinction of being part of IBA Hall of Fame, amongst the “Prominent Alumni” in the history of the institute.

**Mr. Yasser Pirmuhammad**

Mr. Yasser Pirmuhammad is currently the Country CFO for Pakistan and Afghanistan and a Director on the Board of Sanofi-aventis Pakistan limited. He joined Sanofi Pakistan in 1997 and has been a member of its Management Team since 2003. He has led and implemented various initiatives on coporate governance, internal controls, compliance, quality, human resource, enterprise risk management, Board evaluation, whistle-blowing, SOX, financial reporting and oversight.

Yasser started his journey at Sanofi in Finance and then moved into Internal Audit to set up the function. He was subsequently given additional responsibilities for setting up the Compliance function, and in 2012, for establishing the Affiliate Quality function, which he managed, along with Internal Audit, till being appointed as the CFO. Before being nominated to the Board, Yasser served as the Secretary of the Board Audit Committee from 2002 till 2015 and as a member of the Compliance and IS Steering Committees. An MBA in Finance and a Certified Director in Corporate Governance, Yasser has been certified by the International Finance Corporation (IFC) to conduct training of Directors on Corporate Governance.

**Ms. Naira Adamyan**

Ms. Naira is currently the Region Head for China and Emerging Markets within Sanofi Group. She has a vast and versatile experience of leading various business functions. She has served at the following positions:

- Head of External Affairs EME & Africa
- Head of Eurasia Region & Country Chair Russia
- Board Member of EMEA Leadership team
- General Manager Eurasia, Country Chair Russia
- General Manager Russia - Janssen
- Executive Director – Janssen
- Sales and Marketing – Janssen
- Head of Scientific group - Reumatology Institute
- Head of Department – Center of Surgery

**Mr. Hermes Martet**

Mr. Hermes Martet is currently serving as CFO for Asia region in Sanofi Aventis Group. He has been responsible for key roles in Finance throughout his association with the Group. He has served in the following positions previously in his association with Sanofi.

- CFO - Sanofi Mexico
- CFO – Sanofi Czech Republic and Slovakia
- Head of Business Control – Global Operations
- Controlling Director, Global Marketing & Access
- Deputy CFO Africa Middle East
- CFO Middle East
- CFO - Africa / Middle East

**Mr. Marc-Antoine Lucchini**

Mr. Marc-Antoine Lucchini is currently serving as Head of Europe Diabetes & CV Business Unit Sanofi Group. He has also served as General Manager for Sanofi France, General Manager for Sanofi Iberia and Managing Director of Egypt / Sudan. He has also served as Business Unit Head Cardiovascular sanofi-aventis France.

**Mr. Imtiaz Hussain Laliwala**

Mr. Imtiaz has 39 years of experience in Audit and Assurance. He retired as the partner of A. F. Ferguson & Co. (A member firm of PwC network) in August 2014. Prior to that, he was Senior Manager Audit and Assurance in RSW (A member firm of Jeffreys Henry Intl.), Canada.

Mr. Imtiaz is a Commerce graduate from University of Karachi, Pakistan and Concordia University, Canada. He is a member of Chartered Professional Accountants (CPA Canada) and Fellow member of the Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP). Mr. Imtiaz has also completed diploma in Public Accountancy from McGill University, Canada.

**Mr. Shahid Zaki**

Mr. Shahid Zaki has a versatile career which spans over 30 years with strong Management experience in various Functional, Technical & General Management positions.

He was briefly the Director of Executive MBA Program at IBA, Karachi and a Visiting Professor for Marketing and Management at IBA since 1983. Earlier, he has also held senior marketing positions in both B2B & B2C environments. Mr. Shahid is visiting professor in Institute of Business Administration (IBA), Karachi and has also served as Director Executive MBA Program in IBA.

He has also held various leadership positions including CEO of Aman Foundation, Chairman & CEO of Philips Electrical industries of Pakistan Limited.

Mr. Shahid is an alumni of NED Engineering University and also did his Masters from University of Southern California. He is also MBA from University of Karachi.

He has an iconic contribution in shaping industry trends by virtue of close association with platforms such as Marketing Association of Pakistan (MAP), OICCI and Employee Federation of Pakistan.

**Mr. Rehmatullah Wazir**

Mr. Rehmatullah Wazir has got a vast experience in the field of Taxation. He is Former Inland Revenue Service Officer. He has held various senior positions in Federal Board of Revenue such as;

- Chief Commissioner Inland Revenue, Large Taxpayers Unit (LTU) Karachi
- Chief Commissioner Inland Revenue, Regional Tax Office (RTO) Karachi
- Director General, Broadening of Tax Base
- Member Tax Policy (FBR)
- Member (Inland Revenue Operations) (FBR) and
- Member (Taxpayers' Audit), FBR, Islamabad.

He has also served on the Board of National Clearing Company of Pakistan Limited (NCCPL). Mr. Rehmatullah holds the degree of Central Superior Service (CSS).

**Pattern of Shareholding - as at December 31, 2020**

| S. No. | Shareholders Category | No. of Shareholders | No. of Shares | Percentage |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Directors, Chief Executive Officer, their spouse and minor children | 7 | 1,328,151 | 13.77 |
| 2 | Associated Companies, Undertakings and related Parties | 5 | 7,146,127 | 74.09 |
| 3 | Banks, Development Financial Institutions, Non Banking Financial Institutions | 2 | 169 | 0.00 |
| 4 | Insurance Companies | 2 | 223,299 | 2.32 |
| 5 | Modarabas and Mutual Funds | 1 | 228,461 | 2.37 |
| 6 | General Public Local | 1,094 | 413,686 | 4.29 |
| 7 | Others | 24 | 304,867 | 3.16 |
| | **Total** | **1,135** | **9,644,760** | **100** |

**Name of Auditors**

EY Ford Rhodes, Chartered Accountants

**Legal Advisor**

Khalid Anwer & Co.
Ghani Law Associates
Saadat Yar Khan & Co.

## گورننس

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کا پروفائل

### سید بابر علی

سید بابر علی سنوفی۔ایونٹس پاکستان لمیٹڈ کے بورڈ کے چیئرمین ہیں۔آپ 1977 میں کمپنی کی لسٹنگ سے قبل ہی سے بورڈ کے ممبر ہیں۔

سید بابر علی ایک صنعتکار کے علاوہ پاکستان کے سابق وزیرِ خزانہ بھی رہ چکے ہیں،انھوں نے پیکیجز لمیٹڈ (پاکستان کی سب سے بڑی پیپر اینڈ بورڈ مل)، ملک پیک لمیٹڈ۔حالیہ نیسلے پاکستان لمیٹڈ، ٹیٹرا پیک پاکستان لمیٹڈ، آئی جی آئی انشورنس کمپنی لمیٹڈ، ٹرائی۔پیک فلمز لمیٹڈ، اور آئی جی آئی انویسٹمنٹ بینک جیسے ادارے قائم کیے ہیں۔آپ کوکا کولا بیوریجز پاکستان لمیٹڈ، آئی جی آئی ہولڈنگز لمیٹڈ، ٹیٹرا پیک پاکستان لمیٹڈ اور ٹرائی۔پیک فلمز لمیٹڈ کے چیئرمین بھی ہیں۔آپ پاکستان کی مختلف نیشنل اور ملٹی نیشنل کمپنیوں کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں بھی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ایک تعلیمی ماہر کی حیثیت سے سید بابر علی نے 1985 میں لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) کو قائم کیا، جس کے آپ پہلے پرو وائس چانسلر رہے۔

سید بابر علی نے سویڈن، نیدر لینڈز اور برطانیہ کی حکومتوں سے اعزازت وانعامات بھی حاصل کیے ہیں اور آپ کو (1997) میں مک گل یونیورسٹی، مونٹریال، کینیڈا سے ڈاکٹریٹ کی اعزازی سند سے بھی نوازا گیا ہے۔

### سید حیدر علی

سید حیدر علی سنوفی۔ایونٹس پاکستان لمیٹڈ میں 1987 سے نان ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہیں۔

سید حیدر علی پیکیجز لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو اور مینجنگ ڈائریکٹر ہیں اور آپ بلھے شاہ پیکیجنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، آئی جی آئی جنرل انشورنس لمیٹڈ، آئی جی آئی ہولڈنگز لمیٹڈ، آئی جی آئی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ، آئی جی آئی انویسٹمنٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، نیسلے پاکستان لمیٹڈ، پیکیجز لنکا (پرائیویٹ) لمیٹڈ، فلیکسیبل پیکیجز کنورٹرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اور بابر علی فاؤنڈیشن جیسی متعدد کمپنیوں کے بورڈ میں خدمات سرانجام دیتے ہیں۔

سید حیدر علی نے 1979 میں یونیورسٹی آف مشی گن، یو ایس اے سے کیمیکل انجینئر نگ میں بیچلر آف سائنس کی سند حاصل کی ہے۔آپ نے جون 1981 میں پیپر کیمسٹری میں ماسٹر آف سائنس مکمل کی۔آپ نے ہارورڈ بزنس اسکول، بوسٹن، یو ایس اے میں مینجمنٹ ڈیولپمنٹ کے لیے پروگرام میں بھی شرکت کی ہے۔

## ارشدعلی گوہر

ارشدعلی گوہرسنوفی۔ایونٹس پاکستان لمیٹڈ میں فروری، 2011 سے نان ایگزیکٹوڈائریکٹر ہیں۔

ارشدعلی کے پاس،علی گوہراینڈ کمپنی (پرائیویٹ) لمیٹڈ،اے۔جی۔ٹی ہولڈنگ (پرائیویٹ) لمیٹڈاوراے۔جی۔سی (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر کی حیثیت سے 25 سال سے زائدکا تجربہ ہے۔

ارشدعلی گوہرنے کالامازوکالج یوایس اے سے معاشیات میں گریجویشن کی ہے۔آپ نے تھنڈربرڈ اسکول آف گلوبل مینجمنٹ،یوایس اے سے انٹرنیشنل مینجمنٹ میں ماسٹرزبھی کیاہے۔

## ڈاکٹرعاصم جمال

ڈاؤمیڈیکل کالج،یونیورسٹی آف کراچی سے میڈیکل گریجویٹ،ڈاکٹر عاصم جمال نے مانچسٹریونیورسٹی،یوکے سے ایم بی اے کی سند حاصل کی ہے۔آپ نے یونیورسٹی آف شکاگو میں ایگزیکٹوڈیولپمنٹ پروگرام بھی مکمل کیااورانسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) کراچی سے ایم بی اے کی سند بھی حاصل کی ہے۔

آپ کے پاس ہیلتھ کیئرسیکٹر میں مختلف خدمات انجام دینے کا 26 سال سے زائدعرصے کا تجربہ ہے۔آپ نے 1991 میں پاکستان میں جنرل پریکٹیشنراور ہاؤس آفیسر (میڈیسن اینڈسرجری) کےطورپراپنی پیشہ ورانہ زندگی کا آغاز کیا۔اس کے بعد 1993 میں آپ نےنووارٹس پاکستان میں پروڈکٹ منیجر کا عہدہ سنبھالااور 1997 میں ایلی للّی (Eli Lilly) میں سیلزٹریننگ منیجر بن گئے۔آپ نے اس کمپنی میں 6 سال تک سیلز،میڈیکل اینڈ مارکیٹنگ کے متعددعہدوں پرترقی کا سفرطےکیا،اورسنگاپوراور ہانگ کانگ میں ریجنل سطح پرمختلف علاج معالجے کےشعبوں اورنئی پروڈکٹس کی منصوبہ بندی کے بعدواپس آکرایلی للّی (Eli Lilly) پاکستان میں ڈائریکٹر مارکیٹنگ کا عہدہ سنبھال لیا۔

2003 میں ڈاکٹرعاصم نے سنوفی پاکستان میں بزنس یونٹ ہیڈ کا عہدہ سنبھالا،اور بعدمیں مارکیٹنگ ڈائریکٹر بن گئے۔ 2008 اور 2010 کے درمیان ڈاکٹر جمال سنوفی کے ساتھ ویتنام میں 2 سال تک سنوفی کے مارکیٹنگ ڈائریکٹر کےطورپربھی مقررتھے،پاکستان واپس آکرآپ نے بزنس ڈیولپمنٹ اینڈ ایکسی لینس ڈائریکٹر کا عہدہ سنبھال لیا۔جون، 2015 میں کنٹری چیئراورایم ڈی سنوفی پاکستان مقررہونے سے پہلے ڈاکٹر عاصم جمال سنوفی بنگلادیش کے مینجنگ ڈائریکٹر تھے۔

ڈاکٹرعاصم ممبر بورڈآف گورنرز LUMS ،ممبرڈاؤیونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (DUHS) بورڈآف اسٹڈیز آف انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ مینجمنٹ،ڈائریکٹر PFBA (پاکستان فرانس بزنس الائنس) کےطورپرخدمات انجام دیتے ہیں۔آپ کوانسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن کی تاریخ میں ’’قابلِ قدرالمنائی‘‘ میں IBA Hall of Fame کااعزازبھی حاصل ہے۔

## یاسر پیر محمد

یاسر پیر محمد سنوفی۔ایونٹس پاکستان اور افغانستان کے کنٹری سی ایف او کے علاوہ بورڈ کے ممبر بھی ہیں۔یاسر پیر محمد نے 1997 میں سنوفی پاکستان میں شمولیت اختیار کی اور 2003 سے کمپنی کی مینجمنٹ ٹیم کے ممبر ہیں۔آپ نے کارپوریٹ گورننس،انٹرنل کنٹرولز، کمپلائنس، کوالٹی، ہیومن ریسورس، انٹرپرائز رسک مینجمنٹ، بورڈ ایوالیوشن، وسل بلوئنگ، SOX، فنانشل رپورٹنگ اور نگرانی کے شعبہ جات میں مختلف اقدامات اٹھائے اور ان پر عملدرآمد کرایا۔

یاسر نے سنوفی میں فنانس سے پیشہ ورانہ خدمات کا آغاز کیا اور پھر انٹرنل آڈٹ میں انتظام سنبھالا۔آپ کو بعد میں کمپلائنس کے شعبے کو قائم کرنے کی اضافی ذمے داریاں بھی سونپی گئیں،اور 2012 میں کوالٹی کے شعبے کو قائم کرنے کے امور بھی آپ کے حوالے کیے گئے، جو کہ آپ نے سی ایف او کے طور پر تقرری تک انٹرنل آڈٹ کے ساتھ احسن طریقے سے ادا کیے۔آپ 2002 سے 2015 تک بورڈ آڈٹ کمیٹی کے سیکریٹری بھی رہے، اور آپ نے کمپلائنس اینڈ آئی ایس اسٹیرنگ کمیٹیز میں ممبر کے طور پر بھی خدمات انجام دیں۔یاسر پیر محمد نے فنانس میں ایم بی اے کیا ہے اور کارپوریٹ گورننس میں سند یافتہ ڈائریکٹر بھی ہیں۔کارپوریٹ گورننس پر ڈائریکٹرز کی تربیت کے حوالے سے آپ کو انٹرنیشنل فنانس کارپوریشن (IFC) کی سند بھی حاصل ہے۔

## محترمہ نائراا ڈیمیان

محترمہ نائرا سنوفی گروپ میں ریجن ہیڈ برائے چائنا اینڈ ایمرجنگ مارکیٹس کے طور پر خدمات انجام دے رہی ہیں۔آپ کے پاس مختلف کاروباری شعبہ جات کی سربراہی کا وسیع تجربہ ہے۔آپ نے درجِ ذیل عہدوں پر فرائض انجام دیئے ہیں:

- ہیڈ آف ایکسٹرنل افیئرز ای ایم ای اینڈ افریقہ
- ہیڈ آف یوریشیا ریجن اینڈ کنٹری چیئر رشیا
- بورڈ ممبر آف ای ایم ای اے لیڈر شپ ٹیم
- جنرل منیجر یوریشیا، کنٹری چیئر رشیا
- جنرل منیجر رشیا ۔ جانسین
- ایگزیکٹو ڈائریکٹر ۔ جانسین
- سیلز اینڈ مارکیٹنگ ۔ جانسین
- ہیڈ آف سائنٹیفک گروپ ۔ ریماٹولوجی انسٹی ٹیوٹ
- ہیڈ آف ڈپارٹمنٹ ۔ سینٹر آف سرجری

## محترم ہرمس مارٹیٹ

محترم ہرمس مارٹیٹ سنوفی ایونٹس گروپ میں سی ایف او برائے ایشیا ریجن کے عہدے پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔آپ نے گروپ کے ساتھ منسلک رہتے ہوئے فنانس کے شعبے میں اہم عہدوں پر ذمے داریاں سنبھالی ہیں۔سنوفی میں آپ نے درج ذیل عہدوں پر کام کیا ہے۔

- سی ایف او۔سنوفی میکسیکو
- سی ایف او۔سنوفی چیک ری پبلک اینڈ سلواکیا
- ہیڈ آف بزنس کنٹرول۔گلوبل آپریشنز
- کنٹرولنگ ڈائریکٹر،گلوبل مارکیٹنگ اینڈ ایکسیس
- ڈپٹی سی ایف او۔افریقہ مڈل ایسٹ
- سی ایف او۔مڈل ایسٹ
- سی ایف او۔افریقہ / مڈل ایسٹ

## محترم مارک اینٹوائن لیوچینی

محترم مارک اینٹوائن لیوچینی سنوفی گروپ میں ہیڈ آف یورپ ذیابیطس اینڈ سی وی بزنس یونٹ کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔آپ نے جنرل منیجر سنوفی فرانس، جنرل منیجر سنوفی آئبیریا اور منیجنگ ڈائریکٹر مصر / سوڈان کے فرائض بھی انجام دیئے ہیں۔آپ بزنس یونٹ ہیڈ کارڈیو وسکیولر سنوفی۔ایونٹس فرانس کے عہدے پر بھی کام کر چکے ہیں۔

## محترم امتیاز حسین لالی والا

محترم امتیاز لالی والا کے پاس آڈٹ اور اشورنس کا 39 سالہ تجربہ ہے۔آپ اے۔ایف فرگوسن اینڈ کمپنی (پی ڈبلیو سی نیٹ ورک کی ممبر فرم) سے اگست 2014 میں پارٹنر کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے ہیں۔اس سے قبل آپ آر ایس ڈبلیو (جیفری ہنری انٹرنیشنل کی ممبر فرم)،کینیڈا میں سینئر منیجر آڈٹ اینڈ اشورنس کے طور پر فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔

محترم امتیاز لالی والا یونیورسٹی آف کراچی، پاکستان اور کون کورڈیا یونیورسٹی کینیڈا سے کامرس گریجویٹ ہیں۔آپ چارٹرڈ پروفیشنل اکاؤنٹنٹس (سی پی اے کینیڈا) کے ممبر اور انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) کے فیلو ممبر ہیں۔آپ نے مک گل یونیورسٹی، کینیڈا سے پبلک اکاؤنٹنسی میں ڈپلومہ بھی مکمل کیا ہے۔

## محترم شاہد ذکی

محترم شاہد ذکی مختلف عملی، تکنیکی اور عام انتظامی عہدوں پر 30 سال سے زائد عرصے تک فرائض انجام دینے کا تجربہ رکھتے ہیں۔

آپ 1983 سے آئی بی اے کراچی میں ایگزیکٹو ایم بی اے پروگرام کے ڈائریکٹر اور مارکیٹنگ اینڈ مینجمنٹ کے وزیٹنگ پروفیسر کے طور پر خدمات انجام دیتے رہے۔اس سے قبل، آپ B2B اور B2C دونوں شعبوں میں مارکیٹنگ کے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔محترم شاہد ذکی انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن (آئی بی اے) کراچی میں وزیٹنگ پروفیسر ہیں اور آئی بی اے میں ڈائریکٹر ایگزیکٹو ایم بی اے پروگرام کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکے ہیں۔

آپ نے سی ای او امن فاؤنڈیشن اور سی ای او فلپس الیکٹریکل انڈسٹریز آف پاکستان لمیٹڈ کے علاوہ مختلف اعلیٰ عہدوں پر بھی فرائض ادا کر چکے ہیں۔

محترم شاہد ذکی این ای ڈی انجینئرنگ یونیورسٹی کے فارغ التحصیل ہیں اور آپ نے یونیورسٹی آف سدرن کیلی فورنیا سے ماسٹرز کیا ہے۔آپ نے یونیورسٹی آف کراچی سے ایم بی اے بھی کیا ہے۔

آپ کا مارکیٹنگ ایسوسی ایشن آف پاکستان (MAP)، OICCI اور ایمپلائیز فیڈریشن آف پاکستان جیسے اداروں سے منسلک رہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ صنعتی معیارات کو عملی جامہ پہنانے میں آپ کا اہم کردار رہا ہے۔

## محترم رحمت اللہ وزیر

محترم رحمت اللہ وزیر کے پاس ٹیکسیشن کے شعبے میں وسیع تجربہ ہے۔آپ سابقہ ان لینڈ ریونیو سروس آفیسر رہے ہیں۔آپ نے درجِ ذیل سمیت فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں مختلف اعلیٰ عہدوں پر فرائض انجام دیئے ہیں:

- چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو، لارج ٹیکس پیئرز یونٹ (LTU) کراچی
- چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو، ریجنل ٹیکس آفیسر (RTO) کراچی
- ڈائریکٹر جنرل، براڈننگ آف ٹیکس بیس
- ممبر ٹیکس پالیسی (ایف بی آر)
- ممبر (ان لینڈ ریونیو آپریشنز) (ایف بی آر) اور
- ممبر (ٹیکس پیئرز آڈٹ)، ایف بی آر، اسلام آباد۔

آپ نے نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (NCCPL) کے بورڈ پر بھی خدمات انجام دی ہیں۔محترم رحمت اللہ نے سینٹرل سپیریئر سروس (سی ایس ایس) کا امتحان پاس کیا ہے۔

## پیٹرن آف شیئر ہولڈنگ ۔ 31 دسمبر 2020 کے مطابق

| نمبر شمار | شیئر ہولڈرز کیٹگری | شیئر ہولڈرز کی تعداد | شیئرز کی تعداد | فیصد |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈائریکٹرز، چیف ایگزیکٹو آفیسر، اوران کے شریکِ حیات اور چھوٹے بچے | 7 | 1,328,151 | 13.77 |
| 2 | ملحقہ کمپنیاں، اور منسلک پارٹیاں | 5 | 7,146,127 | 74.09 |
| 3 | بینک، ڈیولپمنٹ فنانشل انسٹی ٹیوشنز، نان ۔ بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشنز | 2 | 169 | 0.00 |
| 4 | انشورنس کمپنیاں | 2 | 223,299 | 2.32 |
| 5 | مضاربہ جات اور میوچل فنڈز | 1 | 228,461 | 2.37 |
| 6 | عوام الناس مقامی | 1,094 | 413,686 | 4.29 |
| 7 | دیگر | 24 | 304,867 | 3.16 |
| | ٹوٹل | 1,135 | 9,644,760 | 100 |

## آڈیٹرز کا نام

ارنیسٹ اینڈ ینگ فورڈ روڈس چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس

## قانونی مشیر

خالد انور اینڈ کمپنی

غنی لاء ایسوسی ایٹس

سعادت یار خان اینڈ کمپنی